بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

درخواستیں مطلوب ہیں

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور کو سیکنڈری سکول و انٹرمیڈیٹ پہلا/دوسرا سالانہ امتحان 2024 کے لیے ہیڈ ایگزامینر ز اور سب ایگزامینر ز کی ضلع لاہور، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ سے جوابی کاپیوں کی مارکنگ کیلئے خدمات درکار ہیں۔ گورنمنٹ کے ہائی سکولز/ہائیر سیکنڈری سکولز اور کالجز کے حسب ذیل اہلیت کے حامل اساتذہ درخواست دینے کے اہل ہیں۔ مجوزہ درخواست فارم/بائیوڈیٹا فارم بورڈ کی ویب سائٹ www.biselahore.com پر موجود ہے مقررہ فارم پر دی جانے والی درخواست ہی قابل قبول ہوگی۔ درخواست فارم/بائیوڈیٹا فارم ادارہ جات کے سربراہ سے تصدیق کروانا لازمی ہے۔ ہیڈ ایگزامینر ز/سب ایگزامینر ز کے بائیوڈیٹا فارمز معہ ضروری دستاویزات اسناد/ڈگریاں 25 جنوری تک بورڈ آفس جمع ہونے چاہئیں۔

اہلیت برائے ہیڈ ایگزامینر ز:

ا۔ سیکنڈری سکول کیلئے 7 سال متعلقہ مضمون پڑھانے اور کم از کم 3 سال بورڈ کی جوابی کاپیوں کی مارکنگ کا تجربہ ہو۔ صرف گورنمنٹ اداروں کے اساتذہ ہی اہل ہیں۔

۲۔ انٹرمیڈیٹ کے لئے 7 سال متعلقہ مضمون پڑھانے اور کم از کم 3 سال بورڈز کی جوابی کاپیوں کی مارکنگ کا تجربہ لازمی ہے۔ صرف گورنمنٹ اداروں کے اساتذہ ہی اہل ہیں۔

اہلیت برائے سب ایگزامینر ز:

ا۔ سیکنڈری سکول کیلئے کم از کم 2 سال متعلقہ مضمون پڑھانے کا تجربہ ہونا لازمی ہے۔ جبکہ تعلیمی قابلیت ایم۔اے/ایم۔ایس۔سی یا ٹرینڈ گریجویٹ ہو۔

۲۔ انٹرمیڈیٹ کے لئے کم از کم 2 سال متعلقہ مضمون پڑھانے کا تجربہ ہونا لازمی ہے۔ جبکہ تعلیمی قابلیت ایم۔اے/ایم۔ایس۔سی ہو۔

عرفان احمد

کنٹرولر امتحانات